Sig. of Supdt..............................	**KT-IX-18-I** اُردو (نہم) (Fresh/Reappear)	Roll No..............................

Fic No..............................

Fic No..............................

وقت: ۳۰:۲ گھنٹے — کوڈ: 1867 — **اُردو (نہم)** — نمبر: ۷۵

(Fresh/Reappear)

حصہ اول (معروضی)

وقت: ۲۰ منٹ — نمبر: ۱۵

سوال نمبر ۱۔ درست جواب کا انتخاب کریں۔ اور اپنا انتخاب (الف، ب، ج یا د) ہر جز کے سامنے دیے گئے خالی خانہ میں لکھیں۔

i۔ ''خطبات احمدیہ'' کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ شبلی نعمانی — ب۔ حالی — ج۔ نذیر احمد — د۔ سرسید احمد خان

الف

ii۔ ''دستک'' ایک .... ڈرامہ ہے۔

الف۔ ٹی وی — ب۔ فلمی — ج۔ سٹیج — د۔ ریڈیو

ج

iii۔ ''اسلام میں گداگری کی مذمت'' کا مصنف .... ہے۔

الف۔ الطاف حسین حالی — ب۔ سرسید احمد خان — ج۔ کرنل محمد خان — د۔ مرزا ادیب

الف

iv۔ حضرت عمرؓ نے سائل سے فرمایا ''تو سائل نہیں .... ہے۔

الف۔ دھڑ باز — ب۔ بے وقوف — ج۔ تاجر — د۔ ان میں سے کوئی نہیں

ج

v۔ امام اعظم فرماتے ہیں ''ہم .... کو کافر نہیں سمجھتے''۔

الف۔ اہل زر — ب۔ اہل قبلہ — ج۔ اہل کتاب — د۔ اہل مکہ

ب

vi۔ سرسید احمد خان .... میں پیدا ہوئے۔

الف۔ آگرہ — ب۔ دہلی — ج۔ لکھنو — د۔ ممبئی

ب

vii۔ ڈرامہ ''انارکلی'' .... نے لکھا تھا۔

الف۔ امتیاز علی تاج — ب۔ مولوی نظیر احمد — ج۔ امیر مینائی — د۔ فرحت اللہ بیگ

الف

viii۔ ہے، ہوں، ہیں قواعد کے لحاظ سے .... ہیں۔

الف۔ فعل تام — ب۔ فعل ناقص — ج۔ فعل معروف — د۔ فعل مجہول

ب

ix۔ نظم ''برسات کی بہاریں'' کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

الف۔ مثنوی — ب۔ مثلث — ج۔ مخمس — د۔ مسدس

د

x۔ ''ہر فرعون را موسیٰ'' قواعد کے لحاظ سے .... ہے۔

الف۔ محاورہ — ب۔ روزمرہ — ج۔ ضرب المثل — د۔ قول

ج

xi۔ غرض وہ سارا انبار عورتوں اور .... میں تقسیم ہوگا۔

الف۔ بوڑھوں — ب۔ مردوں — ج۔ بیماروں — د۔ غلاموں

ب

xii۔ .... کا نام دلاور علی ہے۔

الف۔ ڈپٹی نذیر احمد — ب۔ شیخ زید — ج۔ مرزا ادیب — د۔ حافظ محمود شیرانی

ج

xiii۔ شفیق الرحمان کے افسانوں کا سب سے پہلا مجموعہ .... ہے۔

الف۔ شگوفے — ب۔ کرنیں — ج۔ لہریں — د۔ مدوجزر

ب

xiv۔ پریم چند .... افسانہ نگار ہیں۔

الف۔ قوم پرست — ب۔ نسل پرست — ج۔ وطن پرست — د۔ دولت پرست

ج

xv۔ میں نے مجنوں پہ .... میں اسد۔

الف۔ بچپن — ب۔ جوانی — ج۔ لڑکپن — د۔ بڑھاپے

ج

eduvision.edu.pk

P-273

KT-IX-18-I

اُردو (نہم)

(Fresh/Reappear)

وقت: ۲ گھنٹے ۴۰ منٹ

حصہ دوئم

نمبر: ۳۶

سوال نمبر ۲۔ مندرجہ ذیل میں سے نو (۹) اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر مساوی ہیں۔

i۔ حضرت امام حسینؓ کے متعلق آپؐ نے کیا فرمایا تھا؟

ii۔ انسان کے کن اُمور کا تعلق خُدا اور انسان کے درمیان ہے؟

iii۔ پیر مرد کا واقعہ بیان کریں۔

iv۔ جملہ اسمیہ کی تعریف کریں۔ اور دو مثالیں دیں۔

v۔ شاکرہ کس مزاج کی عورت تھی؟

vi۔ ڈاکٹر زیدی کے دروازے پر دستک سُننے کی اصل وجہ بیان کریں۔

vii۔ مصنف نے علماء اور واعظین سے کیا درخواست کی ہے؟

viii۔ ڈرامہ ''آرام و سکون'' میں بیگم صاحبہ کی شخصیت کے کون کون سے پہلو نمایاں ہوتے ہیں؟

ix۔ ان الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ معنی واضح ہو جائے۔ کھٹک جانا، صلواتیں سنانا، مُنہ کا بُھلنا۔

x۔ جب بادل آتے تو روفی بستروں میں کیوں چھپتے پھرتے تھے؟

xi۔ سبق ''سفارش طلب'' کا خلاصہ تحریر کریں۔

xii۔ منشی پریم چند کے نثری فن پر تنقیدی نوٹ لکھیں۔

حصہ سوم

نمبر: ۲۴

سوال نمبر ۳۔ متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔

- ''واہ پنڈت جی واہ! آپ نے ہماری خوب کرکری کرادی۔ شرما صاحب کے پاس گیا، تو انہوں نے پرچہ نکال کر ہمارے سامنے رکھ دیا اور کہا تم خود ہی انصاف سے جو چاہو نمبر دے دو، اور پرچہ دیکھتا ہوں، تو اوٹ پٹانگ لکھا ہے کہ اکبر کے بیٹے کا نام دین الٰہی تھا اور اشوک لاٹھیاں بیچا کرتا تھا۔ جہانگیر کبوتر پالتا تھا اور لارڈ ہیٹنگز تیز دوڑتا تھا۔ اس کے علاوہ ہجے غلط اور املا خراب، خدا جانے یہ لونڈا سارا سال کیا کرتا رہا ہے؟''

- عید کے روز میلے میں سے یہ کھلونا گاڑی لے آیا تھا۔ نہ اس کمبخت کا دل اس سے بھرتا ہے، نہ وہ کمبخت ٹوٹتی ہے۔ ارے! میں نے کہا نتھے نہیں مانے گا نامراد؟ چھوڑ اپنی اس پٹ پٹ کو۔ جب دیکھو لیے لیے پھر رہا ہے۔ صاحبزادے کا دل کسی طرح سیر ہونے ہی میں نہیں آتا۔ چولہے میں جھونک دوں گی اس کمبخت کو، اتنا بھی خیال نہیں آتا کہ ابا بیمار پڑے ہیں۔

سوال نمبر ۴۔ نظم اور شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔

- بتانِ رنگ و خوں کو توڑ کر ملت میں گم ہو جا — نہ تورانی رہے باقی، نہ ایرانی، نہ افغانی
  میانِ شاخساراں، صحبتِ مُرغِ چمن کب تک — تیرے بازو میں ہے پروازِ شاہینِ قہستانی

- گر کر کسی کے کیچڑ دلدل میں ہیں معطر — پھسلا کوئی کسی کا کیچڑ میں مُنہ گیا بھر
  ایک دو نہیں پھسلتے کچھ اس میں آن اکثر — ہوتے ہیں سینکڑوں کے سر نیچے پاؤں اُوپر

سوال نمبر ۵۔ بحوالہ شاعر ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔

- پھر مجھے دیدۂ تر یاد آیا — دل جگر تشنۂ فریاد آیا
  دم لیا تھا نہ قیامت نے ہنوز — پھر تیرا وقتِ سفر یاد آیا

- شفا اپنی تقدیر ہی میں نہ تھی — کہ مقدور تک تو دوا کر چلے
  وہ کیا چیز ہے؟ آہ! جس کے لیے — ہر اک چیز سے دل اُٹھا کر چلے

سوال نمبر ۶۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

نصیر عباسی کے دھیان سے ایک لمحے کے لیے بھی نہیں اُترتا تھا۔ وہ سوتے سوتے چونک پڑتی۔ معلوم ہوتا، نصیر ڈنڈے کا گھوڑا دبائے چلا آتا ہے۔ پڑوسیوں کے پاس جاتی، تو نصیر ہی کا چرچا کرتی، اس کے گھر کوئی آتا، تو نصیر ہی کا ذکر کرتی۔ نصیر اس کے دل اور جان میں بسا ہوا تھا۔ شاکرہ کی بے رُخی اور بدسلوکی کے ملال کے لیے اس میں جگہ نہ تھی۔

۱۔ عباسی کیوں سوتے سوتے چونک پڑتی تھی؟

۲۔ پڑوسیوں اور آنے جانے والوں سے عباسی کس کا ذکر کرتی تھی؟

۳۔ نصیر کس کے دل اور جان میں بسا ہوا تھا؟

۴۔ یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟ یا چھوٹے بھائی کے نام امتحان کی تیاری کے لیے خط لکھیں۔

eduvision.edu.pk